# ماڈل پیپر "علم التعلیم"

## برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ-II

### حصہ معروضی

وقت: 30 منٹ　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کل نمبر: 20

سوال نمبر 1- نوٹ- تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، B، C اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A، B، C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔

(i) حضورﷺ نے کس صحابیؓ کے گھر سے تعلیم کا آغاز کیا؟

(الف) حضرت ارقمؓ　(ب) حضرت ابوایوبؓ　(ج) حضرت خبیبؓ　(د) حضرت علیؓ

(ii) اسلامی مدارس کے نصاب میں اختیاری مضمون کی حیثیت حاصل رہی ہے۔

(الف) فقہ　(ب) قرآن　(ج) حدیث　(د) حساب

(iii) برصغیر میں اعلیٰ سطح پر ذریعہ تعلیم تھا۔

(الف) عربی　(ب) فارسی　(ج) ہندی　(د) سنسکرت

(iv) کس کے عہد میں درس نظامی کا آغاز ہو؟

(الف) اکبر　(ب) جہانگیر　(ج) اورنگ زیب　(د) سکندر لودھی

(v) قیام پاکستان کے وقت برصغیر میں شرح خواندگی تھی۔

(الف) 20 فیصد　(ب) 30 فیصد　(ج) 40 فیصد　(د) 50 فیصد

(vi) ایسٹ انڈیا کمپنی کی تعلیمی پالیسی کا بانی تھا۔

(الف) چارلس گرانٹ　(ب) ماؤنٹ بیٹن　(ج) لارڈ میکالے　(د) مسٹر آرنلڈ

(vii) دارالعلوم دیوبند کے بانی تھے۔

(الف) محمد قاسم نانوتوی　(ب) محمد یعقوب نانوتوی　(ج) شاہ ولی اللہ　(د) سرسید احمد خان

(viii) تحریک علی گڑھ سے کس زبان کو فروغ حاصل ہوا؟

(الف) اردو　(ب) انگریزی　(ج) عربی　(د) فارسی

(ix) کس کی حکومت میں تمام پرائیویٹ اداروں کو قومی تحویل میں لے لیا گیا؟

(الف) ذوالفقار علی بھٹو　(ب) جنرل محمد یحییٰ خان　(ج) ایوب خان　(د) جنرل ضیاء الحق

(x) قومی تعلیمی پالیسی 80-1972 میں طے کیا گیا کہ کب تک کالجوں میں فنی اور پیشہ وارانہ مضامین کا اجراء کیا جائے؟

(الف) 1974 تک　(ب) 1976 تک　(ج) 1978 تک　(د) 1980 تک

(xi) قومی تعلیمی پالیسی 1979 میں یہ طے کیا گیا کہ کتنے سال کے اندر اردو کو دفتری زبان کے طور پر نافذ کیا جائے گا؟

(الف) 12 سال　(ب) 13 سال　(ج) 14 سال　(د) 15 سال

(xii) 2003 کے اعداد و شمار کے مطابق پاکستان کی آبادی کا کتنے فیصد خواندہ ہے؟

(الف) 50 فیصد　(ب) 50.5 فیصد　(ج) 51.6 فیصد　(د) 52.7 فیصد

(xiii) پرائمری سطح پر ترک مدرسہ کی شرح ہے۔

(الف) 40 فیصد　(ب) 50 فیصد　(ج) 55 فیصد　(د) 60 فیصد

(xiv) 2004 میں پاکستان کی آبادی تھی۔

(الف) 14 کروڑ20لاکھ　(ب) 14 کروڑ15لاکھ　(ج) 14 کروڑ91لاکھ　(د) 14 کروڑ97لاکھ

(xv) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا مقصد سہولتیں فراہم کرنا ہے۔

(الف) خط و کتابت کی سہولت　(ب) ریڈیو اور ٹیلی وژن پروگراموں کی سہولت

(ج) جزوقتی کلاسوں کی سہولت　(د) مذکورہ بالا تمام

(xvi) پاکستان میں 2004ء کے اعداد و شمار کے مطابق کتنے ملین لوگ ناخواندہ ہیں؟

(الف) 40　(ب) 48　(ج) 55　(د) 50

(xvii) صوبائی محکمہ تعلیم کا سربراہ ہوتا ہے۔

(الف) وزیر تعلیم　(ب) سیکرٹری تعلیم　(ج) صوبائی سیکرٹری　(د) وفاقی سیکرٹری

(xviii) کسی بھی صوبے میں قائم یونیورسٹی کا چانسلر صوبے کا بھی ہوتا ہے۔

(الف) وزیر تعلیم　(ب) وزیر اعلیٰ　(ج) گورنر　(د) صوبائی سیکرٹری

(xix) ڈپلومہ ان ایجوکیشن (D.Ed) میٹرک کے بعد کتنے سال کا پروگرام ہے؟

(الف) 2 سال　(ب) 3 سال　(ج) 4 سال　(د) 5 سال

(xx) پنجاب میں ابتدائی سطح پر پڑھانے کے لئے اساتذہ کی کم از کم پیشہ وارانہ قابلیت ہوتی ہے۔

(الف) پی۔ٹی۔سی　(ب) سی۔ٹی　(ج) ڈپلومہ آف ایجوکیشن　(د) بی ایڈ

# ماڈل پیپر "علم التعلیم"

B

برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ-II

حصہ انشائی

کل نمبر: 80 وقت: 30-2 گھنٹے

## حصہ اول

**سوال نمبر 2- کوئی سے 8 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔** 8x2 = 16

(i) مکتب اور مدرسہ میں فرق بیان کریں۔

(ii) دنیا کی قدیم ترین یونیورسٹی کون سی ہے یہ کب اور کہاں قائم ہوئی؟

(iii) مضامین کی درجہ بندی کے بارے میں امام غزالیؒ کا تصور بیان کریں۔

(iv) علوم کی تقسیم کے بارے میں ابن خلدون کا نظریہ بیان کریں۔

(v) "الشفاء" (ابن سینا) میں کن مضامین پر بحث کی گئی ہے؟

(vi) رسم بسم اللہ کی تقریب سے کیا مراد ہے؟

(vii) مانیٹوریل سسٹم سے کیا مراد ہے؟

(viii) برطانوی نظام تعلیم کے دو مقاصد بیان کریں۔

(ix) تحریک دیوبند کے دو مقاصد بیان کریں۔

(x) علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ کا مقصد تحریر کریں۔

(xi) دارالعلوم دیوبند کے زیر اثر قائم ہونے والے تعلیمی ادارے کون کون سے تھے؟

(xii) سارجنٹ رپورٹ کے مطابق ہائی سکولوں کو کن اقسام میں تقسیم کیا گیا؟

**سوال نمبر 3- کوئی سے 8 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔** 8x2 = 16

(i) درس نظامی کی دو خصوصیات تحریر کریں۔

(ii) محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کے کوئی دو مقاصد بیان کریں۔

(iii) یونیسکو کے مطابق خواندگی کی تعریف کیا ہے؟

(iv) پاکستان میں ناخواندگی کی دو وجوہات بیان کریں۔

(v) معیار تعلیم کی تعریف بیان کریں۔

(vi) ترک مدرسہ پر قابو پانے کے لئے دو تجاویز لکھیں۔

(vii) تعلیمی اداروں میں نظم وضبط کے فقدان کی دو وجوہات بیان کریں۔

(viii) پہلی تعلیمی کانفرنس میں ذریعہ تعلیم کے بارے میں کیا سفارشات پیش کی گئیں؟

(ix) ٹیکسٹ بک بورڈ کا قیام کیوں عمل میں لدیا گیا ہے؟

(x) محلہ سکول کے دو فوائد لکھیں۔

(xi) تخلیق پاکستان کے فوراً بعد نئی مملکت کو کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا؟

(xii) قومی تعلیمی پالیسی 1998-2010 کے دو مقاصد لکھیں۔

سوال نمبر 4- کوئی سے 9 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 9x2 = 18

(i) یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کے دو وظائف بیان کریں۔

(ii) قومی تعلیمی پالیسی 1992 میں نظام امتحانات میں کیا تبدیلیاں کی گئیں؟

(iii) قومی تعلیمی پالیسی 80-1972 کی ناکامی کی دو وجوہات لکھیں۔

(iv) تعلیمی سرمایہ کاری سے کیا مراد ہے؟

(v) صوبائی محکمہ تعلیم کے کوئی دو اختیارات بیان کریں۔

(vi) وفاقی وزارت تعلیم کے کم از کم دو اہم شعبوں کے نام لکھیں۔

(vii) ای۔ڈی۔او ایجوکیشن (E.D.O Education) کس کا مخفف ہے؟

(viii) ہائر ایجوکیشن کمیشن کے اہم کام / ذمہ داریاں بیان کریں۔

(ix) شعبہ تدوین نصاب وفاقی وزارت تعلیم کے دو اہم کام / ذمہ داریاں بیان کریں۔

(x) ایلیمنٹری کالجز میں تربیت اساتذہ کے کون کون سے پروگرام جاری ہیں؟

(xi) مسلمانوں کے عہد حکومت میں برصغیر کا ابتدائی تعلیم نصاب کیا تھا؟

(xii) ابتدائی تعلیم کی اہمیت کے بارے میں 1970ء کی تعلیمی پالیسی میں کیا سفارشات پیش کی گئیں؟

(xiii) صوبہ پنجاب میں محکمہ تعلیم کی نگرانی کے لئے اعلیٰ ترین سرکاری عہدے کون سے ہیں؟

## حصہ دوم

نوٹ:۔مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف تین کے جوابات تحریر کریں۔ 10x3 = 30

سوال نمبر 5۔ مسلمانوں کے عہد میں برصغیر میں استعمال ہونے والے تدریسی طریقوں پر نوٹ لکھیں۔ 10

سوال نمبر 6۔ تحریک علی گڑھ کے مقاصد اور اثرات کا جائزہ لیں۔ 10

سوال نمبر 7۔ 2010-1998 قومی تعلیمی پالیسی کی اہم سفارشات کا جائزہ لیں۔ 10

سوال نمبر 8۔ پاکستان میں تعلیم نسواں کی صورت حال پر نوٹ لکھیں نیز تعلیم نسواں میں کمی کی وجوہات بیان کریں۔ 10

سوال نمبر 9۔ سٹاف ڈویلپمنٹ سے کیا مراد ہے؟ تربیت اساتذہ کے اداروں کی تفصیل بیان کریں۔ 10